نیو یارک سٹی میں خسرے کی وباء

اپنی ویکسین کے ٹیکوں کا کورس مکمل رکھیں

حقیقت: اس وقت خسرے کی وباء جو کہ ایک انتہائی متعدی وائرس ہے نیو یارک سٹی (NYC) کے مختلف حصوں، بنیادی طور پر Williamsburg اور Borough Park, Brooklyn میں پھیل چکی ہے۔

حقیقت: 09 اپریل, 2019 کو نیو یارک سٹی ہیلتھ کمشنر نے صحت عامہ کی ہنگامی صورتحال کا اعلان کیا اور حکم جاری کیا کہ ہر اس بالغ اور بچے کو ویکسین کے ٹیکے لگوانے ہوں گے جو زپ کوڈ 11205، 11206، 11211 اور 11249 میں رہتا، کام کرتا یا وقت گزارتا ہے ۔

حقیقت: اگر محکمہ صحت زپ کوڈ 11205، 11206، 11211 اور 11249 میں خسرے کی زد میں آئے کسی ایسے شخص کی شناخت کرتا ہے جس نے ٹیکے نہیں لگوائے تو اس شخص یا اس کے والدین یا سرپرست کو 1,000 $ جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔

حقیقت: محفوظ ویکسین کے ٹیکوں کے کورس، جس کو خسرہ، کن پھیڑ اور روبیلا، یا MMR کہا جاتا ہے، سے خسرے سے آسانی سے بچا جا سکتا ہے۔

- **اگرآپ نے ویکسین کے ٹیکوں کا کورس نہیں کیا ہے تو فوری طور پر MMR ویکسین کے ٹیکے لگوائیں۔ اگر آپ کو ویکسین کے ٹیکوں کے کورس کے اپنے ماضی کے رکارڈ کا نہیں پتا تو اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔**
- اگر آپ خسرے کی ویکسین کے ٹیکے لگوانے کے لیے کلینک تلاش کرنا چاہتے ہیں، تو **311** پر کال کریں یا **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **measles** تلاش کریں۔
- MMR ویکسین کے ٹیکے آپ کے ترک وطن کی حیثیت یا ادا کرنے کی صلاحیت سے قطع نظر Fort Greene, Brooklyn اور NYC ہیلتھ + ہاسپٹلز میں دستیاب ہیں۔

Q&A

خسرہ کیا ہے؟

- خسرہ ایک وائرس ہے جو بخار اور جلد کی سُرخی کا سبب بنتا ہے؛ یہ مہلک بھی ثابت ہو سکتا ہے۔

خسرہ کس کو ہو سکتا ہے؟

- خسرہ کسی کو بھی کسی بھی عمر میں ہو سکتا ہے۔
- خسرہ تمام عمر کے لوگوں کے لیے سنگین ہو سکتا ہے، تاہم شیر خوار یا جوان بچے، حاملہ خواتین، کمزور نظام مامونیت کے حامل لوگ، اور وہ بالغ افراد جو خسرے کے حوالے سے مامونیت نہیں رکھتے، زیادہ خطرے میں مبتلا ہیں۔

خسرے سے کیسے بچا جا سکتا ہے؟

- خسرے سے بچنے کا بہترین طریقہ ویکسین کے ٹیکے لگوانا ہے یہ محفوظ اور مؤثر ہے۔
- اگر آپ کے پاس 6 سال سے کم عمر کا بچہ موجود ہے تو اس کو بیمار شخص سے دور رکھیں۔ اگر آپ کا بچہ خسرے کی زد میں آ جاتا ہے تو مزید ہدایات کے لیے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔
- اگر آپ کو خسرہ ہے تو جلد کی سُرخی نمودار ہونے کے بعد چار دن تک گھر میں رہیں اگر آپ باہر جاتے ہیں تو آپ یہ بیماری دوسروں کو منتقل کر دیں گے۔ اگر آپ بیمار ہیں اور ڈاکٹر کے پاس جانا چاہتے ہیں تو پہلے سے ہی انکو کال کر لیں تاکہ وہ آپ کو خسرہ دوسروں کو منتقل کرنے سے روکنے کے لیے ہدایات دے سکیں۔

خسرے کی ویکسین کے ٹیکوں کا کورس کس کو کرنا چاہیے؟

- ہر کسی کو۔
- ہیلتھ کمشنر کے حکم کے مطابق، ہر وہ بالغ یا بچہ جو زپ کوڈ 11205، 11206، 11211 اور 11249 میں رہتا، کام کرتا یا وقت گزارتا ہے، اس کو ویکسین کے ٹیکے لگوانے چاہیے۔ وہ لوگ جو کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہیں کہ وہ ویکسین کا ٹیکہ نہیں لگوا سکتے، اُن کو ویکسین لینے کی ضرورت نہیں ہے۔
- وہ شیر خوار بچے جو ان زپ کوڈز میں رہ رہے یا نگہداشت طفل کے مراکز میں جاتے ہیں، انکو 6 سے 11 ماہ کی عمر کے

درمیان اضافی حفاظت کے لیے ویکسین کے ٹیکے کی پہلی اضافی خوراک ملنی چاہیے، اور ان زپ کوڈز میں رہنے والے بچے ویکسین کے ٹیکے کے بغیر اسکول نہیں جا سکتے۔

- دیگر شیر خوار بچوں کو بھی ویکسین کے ٹیکے کی پہلی اضافی خوراک ملنی چاہیے - رہنمائی کے لیے سوالات و جوابات کے لیے اگلا حصہ ملاحظہ فرمائیں۔
- ان بچوں کے والدین جن کی عمر 1 سال یا زیادہ ہے اور وہ MMR ویکسین کے ٹیکے کی پہلی خوراک پہلے ہی لے چُکے ہیں، ان کو اپنے ڈاکٹر سے بات کرنی چاہیے اور دوسری خوراک جلد لینے کے بارے میں سوچنا چاہیے اگر وہ Williamsburg, Borough Park یا Crown Heights، یا کسی دوسرے علاقے میں جہاں خسرے کی وباء موجود ہے، رہتے یا وقت گزارتے ہیں۔
- اگر آپ اپنے بچے کو ویکسین کا ٹیکہ نہ لگوانے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ اپنے بچے اور دوسرے لوگوں کی زندگیوں کو خطرے میں مبتلا کر رہے ہوتے ہیں۔

کیا مجھے ویکسین کے ٹیکے کی ضرورت ہے اگر:

- **میں حاملہ ہوں؟**
  - اگر آپ حاملہ ہیں اور خسرے کے حوالے سے مامونیت رکھتی ہیں، آپ کے حمل کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔ اگر آپ کے پاس ویکسین کے ٹیکے لگوانے کے رکارڈز نہیں ہیں تو اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔
- **میرے شیر خوار بچے کی عمر 6 ماہ سے 11 ماہ کے درمیان ہے؟**
  - زپ کوڈ 11205، 11206، 11211 اور 11249 میں موجود بچوں کو ویکسین کے ٹیکے لگوانا ہوں گے۔
  - Borough Park اور Crown Heights میں موجود شیر خوار بچوں کو بھی ویکسین کے ٹیکے لگوانا ہوں گے۔
  - اُن بچوں کے والدین جو شیر خوار ہیں اور جو راسخ الا عتقاد یہودی کمیونیٹی کے رُکن ہیں، اور NYC کے پڑوس علاقوں میں رہتے ہیں، اُن کو اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کرنا چاہیے اور MMR کے ٹیکے کی جلد خوراک لینے پر غور کرنا چاہیے۔
- **میں Williamsburg میں کام کرتا ہوں؟**
  - جی ہاں۔ کمشنر کے آرڈر کے مطابق، اگر آپ زپ کوڈز 11205، 11206، 11211 اور 11249 میں کام کرتے ہیں تو آپ کو ٹیکہ لگا ہوا ہونا چاہیے یا پھر آپ کے پاس خسرے کے حوالے سے مامونیت ہونے کا ثبوت ہونا چاہیے۔ اگر آپ کے پاس ویکسین کے ٹیکے لگوانے کے رکارڈز نہیں ہیں تو اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔
- **میں Williamsburg میں وقت گزارتا ہوں؟**
  - نیو یارک کے تمام باشندوں کو چیک کر کے یہ یقینی بنانا چاہیے کہ وہ خسرے کے خلاف مامونیت رکھتے ہیں۔ اگر آپ نے MMR ویکسین کے ٹیکے نہیں لگوائے تو ابھی لگوا لیں۔

خسرہ کیسے منتقل ہوتا ہے؟

- جب کوئی خسرے سے متاثرہ شخص چھینکتا یا کھانستا ہے تو لوگ اس کے دو گھنٹوں تک وائرس سانس کے زریعے اندر لے سکتے ہیں اور خسرے کا شکار ہو سکتے ہیں۔
- خسرہ انتہائی متعدی ہے۔ اگر کسی شخص کو خسرہ ہے تو اُس کے ارد گرد نوے فیصد لوگوں کو بھی خسرہ ہو جائے گا اگر انہوں نےٹیکے نہیں لگوا رکھے ہیں یا مامونیت نہیں رکھتے ہیں۔
- جن لوگوں کو خسرہ ہے وہ جلد پر سُرخی نمودار ہونے سے چار دن پہلے سے لے کر جلد پر سُرخی نمودار ہونے کے چار دن بعد تک وائرس منتقل کر سکتے ہیں۔

خسرے کی علامات کیا ہیں؟

- ابتدائی علامات میں تیز بخار، کھانسی، بہتی ناک، اور آنکھوں کی سُرخی یا اُن میں پانی آنا شامل ہیں۔ تین سے پانچ دن بعد سُرخ دھبوں والے دانے نمودار ہوتے ہیں۔
- پیچیدگیوں میں اسہال، کان کی انفیکشن، نمونیا، دورے پڑنا، دماغی سوزش اور موت شامل ہو سکتے ہیں۔
- اگر آپ علامات دیکھیں تو فوری ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔ آپ کا ڈاکٹر آپ کو بتائے گا کہ آپ کو کیا کرنا ہو گا کہ خسرہ دوسروں میں منتقل نہ ہوں۔

خسرے کا علاج کیسے ہوتا ہے؟

- خسرے کا علاج کسی مخصوص دوائی سے ممکن نہیں ہے۔ کچھ علامات جیسے کہ بخار کا علاج دوا سے ہو سکتا ہے۔

کیا خسرے کے ٹیکے کی وجہ سے خود فکری ہو جاتی ہے؟

- نہیں۔ سائنس پر مبنی رپورٹوں نے ثابت کیا ہے کہ ٹیکوں اور خود فکری میں کوئی تعلق نہیں ہے۔